میں نبی صلى الله عليه وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، تو آپ صلى الله عليه وسلم ایک تر مسواک کر رہے تھے۔ ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ

مسواک کا کنارہ آپ صلى الله عليه وسلم کی زبان پر تھا اور آپ مسواک منہ میں لے کر منہ سے اس طرح اع، اع کی آواز نکال رہے تھے، جیسےآپ صلى الله عليه وسلم قے کر رہے ہوں۔

ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں: میں نبی صلى الله عليه وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، تو
آپ صلى الله عليه وسلم ایک تر مسواک کر رہے تھے۔ ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مسواک کا کنارہ آپ صلى الله عليه وسلم کی زبان پر تھا اور آپ مسواک منہ میں لے کر منہ سے اس طرح اع، اع کی آواز نکال رہے تھے، جیسےآپ صلى الله عليه وسلم قے کر رہے ہوں۔
[صحیح] [متفق علیہ]

ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ بیان کر رہے ہیں کہ وہ نبی صلى الله عليه وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو آپ صلى الله عليه وسلم ایک تر مسواک کر رہے تھے؛ کیوں کہ یہ زیادہ اچھے طریقے سے صفائی کرتی ہے اور منہ میں ٹوٹ کر تکلیف نہیں دیتی۔ آپ صلى الله عليه وسلم مسواک کو اپنی زبان پر رکھے ہوۓ تھے اور بہت اندر تک مسواک فرما رہے تھے اور یوں لگ رہا تھا، جیسے آپ صلى الله عليه وسلم قے کر رہے ہوں۔

/3456 show/ur/ hadeeth/ global. sunnah:// https